# تذکرۂ دُرفشاں

۱۹۶۰ء

یعنی

تذکرۂ شعرائے تاریخ گو

از

سید خورشید علی مہر تقوی جے پوری

دوسری جلد کی

**آٹھویں اور آخری قسط**

زیرِ نظر شمارے میں شاملِ اشاعت ہے

## (۹۹۱) غلام تتوی (۱)

غلام علی (مشہور بہ میر غلام علی) ابن میر محمد حسن۔ سکونت ٹھٹھہ (سندھ) یگانۂ وقت اور مردِ باخدا۔ صاحبِ علم وفن اور مالکِ فہم و ذکا تھے۔ مشکل اور ادق اشعار کے معنی نکالنے اور سمجھنے میں بہت مشاق تھے۔ شعر خوب کہتے تھے۔ تاریخ گوئی اور فنِ جمل میں خوب مہارت تھی۔ (سالِ وفات درج نہیں)۔

۱۱۶۳ھ میں آپ کے والد میر محمد محسن تتوی کی وفات ہوئی۔ آپ نے عبدالجلیل واسطی بلگرامی کی وفات پر ۱۱۳۸ھ میں اعظم شاہ پوری کے مرتب کیے ہوئے دائرے کے مطابق اور اسی قاعدے کے حساب سے ایک عبارت مرتب کی اور اس کو ایک دائرے میں لکھا جس سے اعظم شاہ پوری کے مقرر کردہ حساب اور طریق استخراج سے ۱۱۶۳ھ حاصل ہوتا ہے۔ عبارت اور دائرہ حسب ذیل ہے:




(مقالات الشعرا، ص ۷۳۵)

## (۹۹۲) غلام تتوی (۲)

میر غلام علی بیگ۔ ساکن ٹھٹھہ (سندھ) (مزید حالات درج نہیں) فارسی میں عمدہ شعر کہنے کی صلاحیت پائی جاتی ہے۔ تاریخ گوئی کی قابلیت بھی ظاہر ہے۔ ایک قطعہ مل سکا۔ جو درج کرتا ہوں۔

۱۱۷۴ھ میں مخدوم محمد ہاشم ساکن ٹھٹھہ (سندھ) کی وفات ہوئی۔ مداح تتوی وغیرہ دوسرے شعرا نے تاریخیں لکھیں۔ غلام نے بھی قطعۂ تاریخ لکھا۔ جس کے آخری دو شعر یہ ہیں:

ششم از شہرِ رجب بود در ایام خمیس
سالِ فوتش جو ایں دارِ فنا شد عازم
گفت ہاتف ز گلستانِ جہاں باز پرید
''طایرِ قدس بفردوس محمد ہاشم''
۱۱۷۴ھ

(تکملہ مقالات الشعرا، ص۶۴)

## (۹۹۳) غم بچھرایونی

سعید الزماں۔ (تاریخی نام ''محمد ریاض رب''/ ۱۳۰۵ھ) ابن حکیم مسیح الزماں متخلص بہ مغلوب سغم کا اسعد بھی تخلص ہے۔ تلمیذ غالب دہلوی۔ قدیم سکونت قصبۂ بچھرایوں ضلع مراد آباد (بھارت) وہیں ۹؍ذی الحجہ ۱۳۰۵ھ/ ۱۸۸۸ء کو پیدا ہوئے۔ تعلیم اردو فارسی۔ شعر بالعموم فارسی میں کہتے ہیں۔ اردو پر بھی یکساں قدرت ہے۔ مگر شعر کم کہتے ہیں۔ تقریباً دس سال کی عمر میں شعر گوئی کا شوق ہوا۔ ابتدا میں اپنے والد سے اس حقیقت کو پوشیدہ رکھا۔ ایک واقع پر بیسیوں بلکہ بعض واقعات پر سیکڑوں مادہ جات تاریخی نکال لیتے ہیں۔ تقریباً ہر صنعت میں آپ نے تاریخیں کہی ہیں۔ اور اس وقت (ستمبر ۱۹۶۴ء میں) کراچی کے علاقے گولیمار (چارسوکوارٹرس) کے کوارٹر نمبر ۳۳/۱ میں سکونت پذیر ہیں۔ کافی ضعیف العمر ہیں۔ سماعت میں بھی نمایاں فرق آ چکا ہے۔ مگر اس عمر (تقریباً ۸۰ سال) میں بھی صلاحیت اور مشق تاریخ گوئی کا عالم شباب پر ہے۔ چند سال قبل ۱۹۵۹ء/ ۱۳۷۹ھ





میں اپنے ایک عزیز کی کامیابی امتحان پر تقریباً ڈھائی سو قطعات تاریخی لکھے ہیں۔ جن میں بے شمار تاریخیں مختلف صنائع و بدائع میں ہیں۔

حقیقت یہ ہے کہ گزشتہ ادوار کے مشاق، ماہر اور پُرگو تاریخ گو شعرا کی صلاحیت اور مہارتِ تاریخ گوئی کا مجموعہ ہمارے دورِ حاضر کے اس تاریخ گو شاعر کو کہنا بالکل حق بجانب ہے۔ اگرچہ اس دور کے چند اور تاریخ گو شعرا بھی کافی مہارت و قابلیت کے مالک ہیں۔ مثلاً شاد جے پوری، حفیظ ہوشیار پوری، حامد حسن قادری، مولانا ضیاالقادری، بدایونی، صبا متھراوی، عشرت جلالی رامپوری اور شمیم متھراوی وغیرہم۔ مگر غم بچھرایونی کی صلاحیت تاریخ گوئی فی زمانہ بھی اور زمانۂ ماسبق میں بھی ان سب پر فوقیت رکھتی ہے۔ اگرچہ دوسرے صاحبانِ فن و کمال کی طرح غم بھی بے قدری اور کسمپرسی کا شکار ہیں۔ مگر جاننے اور سمجھنے والوں کے نزدیک موصوف نہایت قابلِ قدر ہیں۔ آپ کی تاریخ گوئی کا آغاز ۱۸۹۸ء سے ہوا۔ اس وقت سے ۱۹۴۷ء تک بے شمار تاریخیں کہیں۔ تقریباً تمام مشہور، مشہور واقعاتِ عالم کی تاریخیں کہیں۔ اور ایک ایک واقعے پر کئی کئی سو مادۂ تاریخ نکالے۔ اور بہت سی تاریخیں قریب قریب تمام صنعتوں میں کہیں۔ مگر افسوس کہ پاکستان آتے وقت یہ سب تاریخیں جو ایک پلندے کی شکل میں کپڑے میں بندھی ہوئی تھیں۔ دورانِ سفر ضائع ہو گئیں۔ یعنی کوئی دوسرے صاحب اپنے سامان کے ساتھ وہ بنڈل بھی اٹھا کر سہواً لے گیا۔ ان تاریخوں میں سے بہت سی تاریخیں جو زبانی یاد رہ گئیں، ان کو دوبارہ لکھ لیا۔ اور آئندہ واقعات پر اور تاریخیں کہیں۔ ان میں بھی مختلف صنایع مہملہ، متصل و منفصل، زبر و بینات، وغیرہ میں تاریخیں ہیں۔

آپ نے بعض تاریخیں اپنے زمانۂ تاریخ گوئی کی ابتدا سے قبل (یعنی ۱۸۹۸ء سے پہلے) کے بعض واقعات سے متعلق بھی کہی ہیں۔ مثلاً وفات مرزا غالب دہلوی ۱۲۸۵ھ کی۔

آپ کی تاریخوں میں بعض خصوصیات انفرادی حیثیت کے ساتھ پائی جاتی ہیں۔ جن کا ذکر پہلے کر دینا مناسب معلوم ہوتا ہے۔

(الف) بالعموم آخری مصرعے سے تاریخ حاصل کی جاتی ہے۔ مگر غم بیشتر مصرع اول میں یا مصرع سوم میں مادۂ تاریخ نظم کرتے ہیں۔

(ب) آپ کی تاریخوں میں حساب و شمار اعداد کا لحاظ تو پورا پورا ہوتا ہے۔ مگر اس حساب کی

تکمیل کے خیال میں اکثر معنویت میں اجنبیت اور دقت پیدا ہو جاتی ہے۔ جس کی وجہ سے مصرعِ تاریخ بڑی حد تک بعید از فہم ہو جاتا ہے۔ اور شگفتگی و سلاست مفقود ہو جاتی ہے۔ اور مصرع عام فہم نہیں رہتا۔

(ج) جہاں آنے ایک ایک واقعے پر بیسیوں یا سیکڑوں قطعے کہے ہیں۔ ان میں مصرع تاریخ میں تو تبدیلیاں کر دی ہیں۔ مگر قطعے کے تین مصرع (پہلا دوسرا اور تیسرا مصرع) بدستور رکھا ہے۔ ورنہ ایک سے زاید مصرعِ تاریخ پر جدا جدا انداز و اسلوب سے مصرعے ضم کرنے چاہییں۔ اس کے یہ معنی ہوئے کہ آپ کو مادۂ تاریخ مرتب کرنے کا جس قدر ملکہ ہے۔ مصرعے ضم کرنے کا ملکہ یا خیال کم ہے۔ اکثر قطعات کے مصرعے جوں کے توں دوسرے قطعات میں آ گئے ہیں۔

بہرکیف آپ کی تاریخوں کے چند نمونے درج کرتا ہوں۔

(۱) ۱۸۹۸ء/ ۱۳۱۵ھ میں سر سید احمد خاں بانی دارالعلوم علی گڑھ کی وفات ہوئی تو آپ نے تاریخ کہی:

اُٹھے جب صفحۂ ہستی سے یہ ہمدردِ ملک و قوم
یکا یک آئی کانوں میں مرے آواز یہ اے غم!
کہ ''کربِ رحلتِ سرسید احمد خاں'' بکلکِ رنج
۱۸۹۸ء
دلِ عالم پہ لکھ دے بہرِ سالِ حُزن و درد و غم

(۲) ۱۹۰۲ء/ ۱۳۲۰ھ میں آپ امتحان میں کامیاب ہوئے۔ تاریخ لکھی۔ اس میں اسعد تخلص رکھا:

پئے کامیابیٔ خود ہم نے اسعد
اُمِ راہِ آرام اسرار دوبار
۹۵۱
× ۲
۱۹۰۲ء
بسالِ مسیحی بقلبِ اُم واب
لکھا از پس شکرِ پروردگار

(اشاریہ) اس میں حسبِ ذیل صنایع ہیں۔





(الف) صنعتِ غیر منقوطہ۔ (۲) صنعتِ تکرار۔ (یا ضرب یا تجمیع)، (س مادۂ تاریخ ایک ایک لفظ واصل الشفتین ہے اور ایک ایک واسع الشفتین۔

(۳) ۱۹۴۱ء میں آپ کے گھر میں پانی والے (سقہ) الطاف حسین ساکن مراد آباد کی بیوی کا انتقال ہوا۔ تو آپ نے اس بھشتن کی تاریخ وفات لکھی۔ حروفِ منقوطہ (معجمہ) سے تاریخ نکالی:

اٹھی جو صفحۂ ہستی سے زوجۂ الطاف
پسِ علالتِ یک سال و چند مہ پیہم
چلی بشوقِ بہشتِ بریں بہشتن یہ
۱۹۴۱ء (حروف منقوطہ سے)
بسالِ معجمہ آئی ندائے غیب اے غم

(۴) ۱۹۴۷ء/ ۱۳۶۶ھ میں آپ پاکستان آئے۔ تو اس موقع پر اپنی جلاوطنی کی تاریخ خود کہی۔ جس کے حروف منقوطہ سے تاریخ حاصل کی ہے:

صدمۂ ہجرِ عزیزان و تمامی احباب
دورِ آفاتِ سفر، نیز بہرگام جدا
بہرِ تاریخ دلم گفت بسالِ منقوط
''شد غریب الوطن اسعد بصد آلام و بلا''
۱۳۶۶ھ

(۵) ۱۹۴۷ء/ ۱۳۶۶ھ میں آپ کے والد (حکیم مسیح الزماں مغلوب) کی وفات پر صنعت زبر و بینات میں یہ تاریخ کہی۔ اس میں ''آفتاب'' کے الفِ ممدودہ کو دو الف کے برابر مان کر اعداد لیے ہیں:

بفرطِ رنج و غم و حُزنِ حضرتِ مغلوب
لبِ جہاں پہ تھیں کیا کیا صفاتِ محمودہ
''یہ آفتابِ سخن چھپ گیا'' نہ کیوں ہم بھی
۱۲۵۱ (زُبُر)
+ ۶۹۶ (بینات)
۱۹۴۷ء
لکھیں بکلکِ الم غم بسالِ ممدودہ

(۶) ۱۳۷۵ھ میں ایک اہم موقع پر آپ نے تاریخ کہی۔ جو صنعتِ مہملہ (غیر منقوطہ) میں بھی ہے۔ڑ اور ایک مصرع سے بحساب زبر بھی ۱۳۷۵ھ حاصل ہوتا ہے۔ اور بحساب بیّنات بھی۔ دیکھیے:

مصرعِ پنجم بطرزِ بلگرامی، فخر دہر
گفتم اے اسعد! برائے سالِ دوّارِ مرام
داور و سالار و صدرِ کام و طرحِ مرام
۱۳۷۵ھ
عامرِ دہرِ مراد و عامِ ادوارِ مرام
۱۳۷۵ھ
حارسؔ الاسرارِ کام و ہم مراد و راحِ ما
(زُبر) ۱۳۷۵ھ
(بینات) ۱۳۷۵ھ
آمرِ ملکِ مراح و ماہ اسرارِ مرام
۱۳۷۵ھ

(اشاریہ) اس تاریخ میں لفظی غرابت و اہمال قابلِ غور ہے۔ تاہم آپ نے اس کے لیے حسبِ ذیل نوٹ لکھ کر دیا ہے۔ مہر

(نوٹ) منشی عنایت حسین بلگرامی نے تاریخ غسلِ صحتِ فرمانروائے اودھ۔ بایں کمال وخوبی لکھی ہے کہ (سروسردارِ دہر اہلِ کمال و مالکِ عادل) سے بہر دو صنعت یعنی زُبُر میں بھی اور بینات میں بھی ۱۲۶۹ھ برآمد ہوتا ہے۔ اور بلگرامی نے خود ہی لکھا ہے۔

کسے گرزیں نمط شعر تواند گفت بسم اللہ
بشا گردئ او خط می دہم سے اخسروِ عادل

اور جس کے متعلق منشی انوار حسین تسلیم سہسوانی (متوفی بہ ۱۳۰۹ھ) لکھتے ہیں کہ (اگر معجزہ یا کرامات نہ کہیں، تو سحر کہنے میں شک نہیں۔ میں نے آج تک اس صنعت میں کسی کی تاریخ دیکھی نہ سنی۔ ممکن ہے کہ کسی نے لکھی ہو۔ تسلیم)





میں نے یہ تاریخ ۱۳۷۵ھ میں لکھی تھی۔ جو اخبار میں شائع ہوئی۔ وہ اخبار میرے پاس موجود ہے۔ اس سے پہلے بھی اس صنعت میں لکھ چکا ہوں۔ اس قطعہ میں میرا مصرعِ پنجم شعرِ واقعہ ہے۔ اور باقی تین مصرعے یعنی تیسرا، چوتھا اور چھٹا بھی تاریخی ہیں۔ لیکن فوقیت کا سہرا ان ہی کے سر ہے۔ کیوں کہ وہ موجد ہیں۔ (غم بچھرایونی)

(اشاریہ) اس صنعت میں ۱۲۸۷ھ میں جویا مراد آبادی نے اور ۱۳۲۰ھ میں ثاقب لکھنوی نے بھی تاریخی مصرع لکھے ہیں۔ جویا کا مصرع غیر منقوطہ ہے مگر ثاقب نے منقوطہ و غیر منقوطہ مشترک حروف میں لکھا ہے۔ مہر

(۷) ۱۳۷۶ھ میں آپ کے برادر معظم حکیم وجیہہ الزماں کا انتقال ہوا۔ تو آپ نے ایک مصرع مرتب کیا:

داغ منظر سوز مسک و راس راہِ دور رس

اس سے چار طریقوں پر چار سنین جدا جدا نکلتے ہیں۔

(الف) حروف منقوطہ (غ۔ن۔ظ۔ز) سے ۱۹۷۵ء

(ب) حروف غیر منقوطہ (دا۔م ر۔سو۔مسک وراس راہ درد درس) سے ۱۳۷۶ھ

(ج) حروف منفصلہ (داغ ز وراس راہ درد ورس) سے ۱۹۷۵ء

(د) حروف مُتصلہ (منظر سو۔مسک) سے ۱۳۷۶ھ

(اشاریہ) اس صنعت میں شاید سب سے پہلے وحشی یزدی نے ۹۶۶ھ میں مثنوی ''ناظر و منظور'' کی تاریخ کہی تھی۔ اس کے بعد کسی دوسرے تاریخ گو کی کہی ہوئی تاریخ میری نظر سے نہیں گزری۔ ۹۶۶ھ سے چار سو دس سال بعد ۱۳۷۶ھ میں غم نے یہ تاریخ کہی۔ گویا اس چار سو دس سال کی مدت میں باوجودیکہ ہزاروں تاریخ کہنے والے گزرے۔ اور ان میں بڑے بڑے ماہرِ فن بھی تھے۔ مگر اس دشوار تر صنعت میں کوئی مصرعِ تاریخ کہنے کی ہمت کسی کو نہیں ہوئی۔ یہ غم کی مشکل پسند طبیعت، شوق اور مشاقی کی دلیل ہے۔ کاش اس وقت اس کی داد اور صلہ دینے والا کوئی قدرداں ہوتا۔ مگر افسوس کہ آج کوئی اس کی طرف طایرانہ نظر ڈالنے والا بھی نہیں ہے۔

۱۳۷۶ھ کے بعد ۱۳۸۰ھ میں صبا متھراوی نے بھی ایک مصرع کہا۔ مجھے فخر ہے کہ میرے ہم عصروں میں اور خاص کراچی ہی میں غم بچھرایونی اور صبا متھراوی دونوں تاریخ گو موجود ہیں۔

(۸) ۱۳۷۹ھ/ ۱۹۵۹ء میں آپ کا نواسہ شمیم اقبال امتحان میں کامیاب ہوا۔ آپ نے ڈھائی سو قطعات تاریخ لکھے۔ جن میں سے نصف قطعات کے مصرع تاریخ حروف غیر منقوطہ میں ہیں۔ ان قطعات میں سے آپ نے پچیس قطعات مجھے بھیجے ان میں بیس قطعوں کا پہلا اور دوسرا مصرع بدستور ہے میں بخیالِ طوالت چند تاریخیں درج کرتا ہوں:

(الف)

اسعدِ صنعت رقم سہ بار گو
''صبح عہدِ کامیابی شمیم''
۶۵۳
× ۳
۱۹۵۹ء

(ب)

اسعدِ خوش از برائے سال گو
۱۳۷۹ھ
عامِ فضلِ کارسازِ دو جہاں
۱۳۷۹ھ
مقصدرِ سالِ سرور سرِّ راح
۱۳۶۶ (فصلی)
سالِ سردارِ مسرت بے گماں
۱۳۷۹ھ

(ج)

سالِ اسرارِ مرام و ماہِ آرام و مراد
۱۳۷۹ھ

(د)

مصدر روح مراح ومحمورِ آرام وکام
۱۳۶۶ (فصلی)





(۹) ۱۹۶۰ء/ ۱۳۷۹ھ میں ایران میں زلزلہ آیا۔ تو یہ تاریخ کہی:

درد مصدر درد داوَر دَرد دور
۱۳۷۹ھ
''خاک شد ہر کاخ دردا'' زد رقم
۱۹۶۰ء

(اشاریہ) مصرع اول، بصنعتِ غیر منقوطہ ہے اور صنعت تعریب بقید فتحہ بھی اس میں رکھی ہے۔ یعنی سارے حروف پر حرکتِ زبر کے سوا کوئی اور حرکت زیر یا پیش نہیں ہے۔

مصرع دوم: اس میں (الف) صنعت قلبِ بعض ہے۔ یعنی ''خاک'' کو الٹا تو ''کاخ'' ہوا۔ یہ دونوں الفاظ اس میں خوبی کے ساتھ نظم ہوئے ہیں۔

(ب) صنعت واسع الشفتین ہے۔ یعنی مادۂ تاریخ کو زبان سے ادا کرنے میں دونوں ہونٹ نہیں ملتے۔

(ج) صنعتِ فوق النقاط ہے۔ یعنی مادۂ تاریخ میں حروف کے اوپر ہی نقطے آئے ہیں۔ نیچے نقطے والا کوئی حروف نہیں۔

(۱۰) ۱۹۶۰ء میں قاضی یونس علی برادر زادۂ قاضی اصغر علی مراد آبادی کی شادی ہوئی۔ غم نے صنعتِ صوری ومعنوی میں تاریخ کہی۔ (تاریخ شادی ۲۵؍جولائی ۱۹۶۰ء دوشنبہ تھی)

دو شنبہ بست و پنجم شہرِ ہفتم
۱۹۶۰ء

(۱۱) ۱۹۵۹ء/ ۱۳۷۹ھ آپ نے لکھا ہے۔ کہ تمام شعرائے ہند کی کوشش تھی۔ کہ تاریخ وفات مرزا غالب مرحوم خود انھی کے مصرعے سے نکالی جائے۔ مگر سوائے خواجہ الطاف حسین حالی کے کوئی کامیاب نہ ہوسکا۔ جنھوں نے حسبِ ذیل طریقے سے تاریخ نکالی:

تاریخ ہم نکال چکے پڑھ بغیر فکر
۱۲۱۱ ۳۰۰
حق مغفرت کرے عجب آزاد مرد تھا
۲۷۹۶

(یعنی اصل مصرع غالب کے (۲۷۹۶) میں سے تاریخ کے (۱۲۱۱) اور فکر کے (۳۰۰) کل (۱۵۱۱) اعداد نکال دیے جائیں۔ تو ۱۲۸۵ھ کے برابر اعداد نکل آتے ہیں۔) اس کے بعد لوگوں کا خیال تھا کہ اب کوئی اور تاریخ اس مصرع سے نہیں ہوسکتی۔ مگر خاکسار نے بھی خدا کے فضل سے حسبِ ذیل تاریخ نکالی:

حق مغفرت کرے "عجب آزاد مرد" تھا
مصرع سنا کے غالبِ مرحوم نے یہ غم
فرمایا مجھ سے بہرِ سنہ مرگ پانچ بار
اعداد ہر دو فارسی الفاظ کر رقم

(تشریح) آزاد =۱۳
مرد =۲۴۴
۲۵۷×۵=۱۲۸۵ھ

تین تاریخیں آپ نے وفاتِ غالب کے متعلق ۱۹۵۹ء/ ۱۳۷۹ھ میں اور لکھیں۔

(الف)

"مہر غم"، "مہر غم"، "مدارِ غم"
۱۲۸۵ھ ۱۲۸۵ھ ۱۲۸۵ھ

کن رقم غم بکلکِ رنج و الم
از پئے مرگِ میرزا غالب
آمد آواز غیب در گوشم

(اشاریہ) اس میں دو صنعتیں ہیں۔ (اول) مصرع اول میں تین مادۂ تاریخ ہیں۔ اور تینوں فوق النقاط ہیں۔ یعنی صرف اوپر نقطے ہیں۔

(دوم) تمام مصرع واصل الشفتین صنعت میں ہے۔ یعنی ہر لفظ کے ادا کرنے میں دونوں ہونٹ ملتے ہیں۔ واسع الشفتین کوئی لفظ نہیں ہے۔

(ب)

پئے رحلتِ مرزا غالب زدہر
بگوشم ز غیب آمد غم! ندا





که گشته بے فرق پا کن رقم

فَصاحت، بَلاغت، نَفاست، اَدا
۹۹ + ۱۰۳۱ + ۱۴۱ ۴
۱۲۷۵ (فصلی)

یعنی مصرع آخر کے چاروں لفظوں کے اول و آخر حروف چھوڑ کر باقی حروف کے اعداد یکجا کیے جائیں۔ تو مجموعہ ۱۲۷۵ ہوتا ہے۔ جو ۱۲۸۵ھ کے مطابق سنہ فصلی ہے۔ نیز اس میں بھی تمام حروف پر حرکت فتحہ ہی آئی ہے۔ زیر یا پیش نہیں ہیں۔

(ج) ایک اور تاریخ بھی نکالی۔ جس میں ایک مصرع سے چار طریقوں پر ۱۲۸۵ھ نکلتا ہے۔

(اول) حروفِ منقوطہ سے (دوم) حروفِ غیر منقوطہ سے
(سوم) حروفِ مُتّصلہ سے (چہارم) حروفِ غیر مُنفصلہ سے

مادۂ تاریخ یہ ہے۔

"قلق دوراں و غم راس و ردع راح جیبِ دُم اے وائے"

(اشاریہ نمبر۱) یہ چاروں تاریخیں وفاتِ مرزا غالب کے متعلق سالانہ مشاعرۂ بزم غالب ۱۹۵۹ء میں پڑھی گئیں۔ جب کہ دوسرے مقالات اور مضامین بھی سنائے گئے تھے۔ یہ تاریخیں بزمِ غالب کے دفتر میں موجود و محفوظ ہیں۔ (غم بچھرایونی)

(اشاریہ نمبر۲) اس مادۂ تاریخ میں الفاظ کی غرابت اور مصرع کا وزن اور بحر قابلِ غور ہے۔ مہر

## (۹۹۴) غنی النابلسی

عبدالغنی۔ (مزید حالات نہیں مل سکے۔)

۹۷۴ھ میں سلطان سلیم العثمانی کے جلوس (تخت نشینی کی تقریب پر حسبِ ذیل تاریخ لکھی:

تَوَلّٰی مَلِیكُ العَصر وَ بنَ مَلِیکہٖ
بِعزّ و تَائید و نَصر سُلطَان

وَ دَولَۃُ ملك قُلتُ فِیهَا مُورّخاً
''سَلِیم تَوَلّی المُلك بعد سُلَیماں''

۹۷۴ھ

(دائرۃ المعارف جلد نمبر۲ ذیل لفظ تاریخ، ص۱۹)

اسی ضمن میں ایک عبارت بھی لکھی ہے۔جس کا آزاد ترجمہ یہ ہے۔

''لفظ ''مورخاً'' کے بعد جو الفاظ ہیں، ان کا مجموعہ ۹۷۴ ہے۔اور یہی سلطانِ سلیم کی تخت نشینی کی تاریخ یعنی سنہ ہے۔عرب میں اس طرح تاریخ نکالنے کا طریقہ یوں تو عہدِ قدیم یعنی زمانۂ جاہلیت سے پہلے سے ہے۔لیکن جس نے اس طریقے کو بدیعات میں استعمال کیا۔ وہ عبدالغنی النابلسی ہے۔اور ایسا ہی سید مصطفیٰ البکری الصدیقی نے اپنی کتاب ''بدیعیۃ'' میں لکھا ہے۔''

(اشاریہ) یہاں یہ بات پایۂ ثبوت کو نہیں پہنچتی، کہ زمانۂ جاہلیت سے پہلے سے عرب میں اس طریقے پر تاریخ نکالنے کا طریقہ جاری تھا۔کیوں کہ زمانۂ جاہلیت سے قبل تو درکنار زمانۂ جاہلیت کے عرب شاعر یا ابتدائے زمانۂ اسلام (ولادتِ جناب محمد رسول اللہؐ یا سنہ ا ہجری سے تین سو سال کے زمانے تک کوئی ایسا شاعر نہیں ملتا۔جس نے اس طریقے سے کوئی مادۂ تاریخ تو درکنار، کوئی تخیل ہی ظاہر کیا ہو۔ پھر کس طرح تسلیم کیا جاسکتا ہے۔ کہ یہ طریقۂ تاریخ گوئی زمانۂ جاہلیت سے قبل رائج تھا۔ اگر ایسا ہوتا تو قدیم شعرا میں سے کسی نہ کسی کے کلام میں (جن میں صاحبان شعبۂ معلقہ مشہور وممتاز ہیں۔) کوئی نہ کوئی نمونہ ضرور ملتا۔اب رہی یہ بات کہ انھوں نے اس قاعدے سے تاریخیں نکالیں۔ مگر محفوظ نہ رہ سکیں۔ایک دعوئے بے دلیل ہے۔اور صرف قصہ کہانی کی حد تک ان کی حیثیت رہتی ہے۔مہر

## (۹۹۵)غنی جے پوری

منشی پنا لال ابن منشی جیون لال۔(منشی ہیرا لال مونس جے پوری کے برادر کلاں تھے) وطنِ قدیم قصبۂ کوٹ قاسم (ریاست جے پور) تھا۔سمبت ۱۹۰۷ بکرمی مطابق ۱۸۵۱ء میں بمقام جے پور پیدا ہوئے۔مولوی محمد رشید الدین فائز نارنولی جے پوری سے اردو فارسی اور کسی قدر عربی کی تعلیم





حاصل کی۔منشی بہاری لال (شاگرد میر پنجہ کش) سے خط نستعلیق کی مشق کر کے کمال حاصل کیا۔فارسی استعداد بہت اچھی تھی۔اردو گھر کی زبان تھی۔

تعلیم سے فارغ ہو کر اول سرکاری مدرسہ میں مُدرس ہو گئے۔پھر ترقی پا کر محکمہ محتشمۂ عالیہ کونسل میں سررشتہ دار مقرر ہوئے۔وہاں سے ترقی پا کر پہلے منصف (سب جج) پھر مختار عدالت پھر منتظم محکمہ خبر ہو گئے۔وہاں سے ترقی پا کر ناظم (کلکٹر ضلع ہو گئے۔اور اسی عہدے سے پنشن لی۔

پہلے غنی تخلص کرتے تھے۔غالباً ناظم ہونے کے بعد ناظم تخلص کرنے لگے۔جے پور ہی میں انتقال ہوا۔آپ کی کئی تصانیف ہیں۔جن میں سے ایک مثنوی کا تاریخی نام ''مظہر المعرفت'' (۱۹۲۶(ب)) ہے۔جو سوامی رامچرن داس کی سوانح حیات پر مشتمل ہے۔۱۹۰۱ء میں طبع ہوئی تھی۔ایک نسخہ آپ کے فرزند کے پاس (غالباً اس وقت ۱۹۶۴ء یعنی دم تحریر تذکرۂ ہذا تک) محفوظ ہے۔قواعد صرف ونحو فارسی، اردو مثنوی میں مطبوعہ ۱۹۱۲ء اور سری بھگوت گیتا، اردو مثنوی مطبوعہ ۱۹۱۷ء ہے۔

آپ کو تاریخ گوئی سے بھی دلچسپی تھی۔اکثر تاریخیں کہیں۔مگر دستیاب نہیں ہو سکیں۔

(تذکرۂ شعرائے جے پور، ص۴۸۶)

حسب ذیل تاریخ آپ کی فکر کا نتیجہ ہے۔

میر محمد علی جویا مرادآبادی جے پوری کی کتاب ''سرودِ غیبی'' کی تکمیل ۱۲۹۰ھ میں ہوئی۔آپ نے تاریخ صوری ومعنوی کہی:

ختم شد چوں رسالۂ جویا
از عنایات و فضلِ یزدانی
سالِ تاریخ فی البدیہہ غنی
گفت ''ششم جمادی الثانی''

۱۲۹۰ھ

(سرودِ غیبی، ص۱۳۳)

(اشاریہ) ۱۲۹۰ھ میں آپ غنی ہی تخلص کرتے تھے۔ مہر

## (۹۹۶) غنی کاشمیری

غنی۔ سکونت کشمیر، شاعر بلند پایہ تھے۔ دیوانِ غنی مطبوعہ موجود ہے۔ (مہر)

تاریخ گوئی کی بھی مہارت تھی۔ ایک تاریخ مل سکی ہے۔ جو بطور تبرک درج ہے۔ کلیم ہمدانی کی وفات ۱۰۶۱ میں ہوئی۔ تو آپ نے تاریخ کہی:

گفت تاریخِ وفات او غنی
''طورِ معنی بود روشن از کلیم''

۱۰۶۱ھ

(غرایب الجمل، ص ۳۷۵)

## (۹۹۷) غنی تتوی

عبدالغنی ابن میاں محمد غوث (بن میاں محمد حسن ابن محمد صابر بن محمد ناصر) شعر وسخن سے قدرتی لگاؤ تھا۔ خلیل تتوی سے اصلاحِ سخن لیتے تھے۔ لیکن کچھ دنوں اصلاح لینے کے بعد یہ سلسلہ ترک کر دیا۔ تاریخیں بھی کہتے تھے۔ دو تاریخیں درج ہیں۔

میر احسن اللہ (بن میر حسین علی بن پیار علی) کی وفات ۱۳ر محرم ۱۳۰۰ھ کو ہوئی۔ آپ نے تاریخیں کہیں۔

(الف) ''اجل آمدہ دریغا''

۱۳۰۰ھ

اس میں ''آمدہ'' کے الف ممدودہ کا بھی ایک عدد شمار کیا ہے۔ جو جمہور اساتذۂ تاریخ گوئی کے نزدیک تو صحیح اور قابلِ عمل نہیں ہے۔ تاہم بعض تاریخ گو حضرات نے الفِ ممدودہ کے ۲ عدد بھی شمار کیے ہیں۔ اسی کی تقلید میں یا اسی قسم کی ضرورت کے تحت اس مادۂ تاریخ میں غنی نے بھی ایک عدد کی کمی کو الف ممدودہ کے مد کا ایک عدد (گو خلاف قاعدہ ہی سہی) بڑھا کر سالِ مطلوب پورا کر لیا۔





حالاں کہ حسب ذیل دوسرے مادۂ تاریخ میں الف ممدودہ کا ایک عدد ہی محسوب کیا ہے۔ مہر

(ب)

''بر دلِ احباب داغ آمد''

۱۳۰۰ھ

(تکملہ مقالات الشعرا، ص ۴۸۱)

## (۹۹۸) غنی نیازی جبل پوری

(پروفیسر) شاہ محمد عبدالغنی ابن شاہ محمد خداداد (مرحوم) قادری چشتی۔ وطن جبل پور۔ (سی۔ پی۔ حال موسوم بہ مدھیہ پردیش۔ بھارت) ۱۸۹۸ء میں بمقام جبل پور پیدا ہوئے۔ دو مضامین میں ایم اے کیا۔ ۱۹۱۶ء سے ۱۹۴۸ء تک مدرّس۔ ہیڈ ماسٹر اور پروفیسر رہے۔ جبل پور کالج میں پروفیسر تھے وہاں سے ترک کر کے پاکستان آ گئے۔ ۱۹۴۹ء میں پرنسپل اردو کالج کراچی ہو گئے۔ ۱۹۵۰ء سے ۱۹۵۸ء تک مترجم درجۂ اعلیٰ مجلس دستور ساز پاکستان رہے۔ اس وقت (۱۹۶۴ء میں) تصنیف و تالیف مشغلہ ہے۔ اور کراچی میں سکونت پذیر ہیں۔

آپ کو خاندان قادریہ، چشتیہ، نیازیہ میں شرفِ بیعت و اجازت حاصل ہے۔ اسی نسبت سے آپ اپنے نام کے ساتھ ''نیازی'' لکھتے تھے۔ نہایت خوش اخلاق، منکسر المزاج اور متواضع ہیں۔

آپ ۱۳۸۲ھ میں حج خانۂ کعبہ سے بھی مشرف ہوئے۔ راقم الحروف نے تاریخ کہی:

''غنی صاحب ہوئے مقبول حاجی''

۱۳۸۲ھ

شعر و سخن سے آپ کو دیرینہ لگاؤ ہے۔ نعت گوئی کی طرف طبیعت زیادہ راغب ہے۔ آپ نے خانۂ کعبہ کو روانہ ہونے سے قبل اپنا مجموعۂ نعت موسوم بہ ''نذرانۂ ادب'' نہایت شوق و اہتمام سے طبع کروا کر مفت تقسیم کیا۔ جس کے لفظ لفظ سے آپ کا حسنِ عقیدت اور خلوص ظاہر ہویدا ہے۔

(۲) علاوہ ازیں آپ کی ایک تحقیقی کتاب ''قرآنی تصوف اور اقبال'' (جس کا تاریخی نام ''چراغِ معنوی'' (۱۳۸۰ھ) ہے) جو تقریباً پانچ سو صفحات پر مشتمل ہے، فیروز سنز لاہور نے شائع کی۔

(۳) ایک ضخیم ترجمہ ''دولتِ مغلیہ کی ہیئت مرکزی'' (تقریباً چھ سو صفحات) مجلسِ ترقی ادب لاہور نے شائع کی ہے۔

(۴) آپ کا کلیات موسوم بہ ''نغماتِ عشق'' (۱۹۶۱ء) مکمل ہے اور طباعت کے لیے تیار۔

(۵) ''ریاض الفضایل'' (۱۹۶۳ء)، (تذکرۂ حضرتِ مرشد علیہ الرحمہ)، (تقریباً چھ سو صفحات) طبع ہو چکا ہے۔

(۶) آپ کے بہت سے مضامین 'ندائے حق' لاہور، 'ماہِ نو' کراچی، 'اسلام' کراچی، 'اقبال'، لاہور اور دیگر رسالوں میں شائع ہو چکے ہیں۔

آپ کو تاریخ گوئی میں بھی کافی ملکہ ہے۔ چند نمونے درج ہیں۔

(۱) ۱۳۴۱ھ/ ۱۹۲۲ء میں آپ کے والد ماجد کی وفات ہوئی۔ قطعۂ تاریخ کہا۔ آخری شعر یہ ہے جس کے آخری مصرع میں عیسوی اور ہجری دونوں سنہ حاصل کیے ہیں:

راہیِ دارالبقا ہونے پہ رضواں نے کہا
''آ غریقِ بحرِ عرفاں'' ''خلد میں ہو تو مقیم''
۱۳۴۱ھ ۱۹۲۲ء

(۲) ۱۳۴۵ھ/ ۱۹۲۷ء میں جبل پور میں آسمان پر ایک ستارے کے ساتھ روشن لکیر پیدا ہو کر نامِ محمدؐ کی شکل بن گئی تھی۔ اس واقعے کے سلسلے میں زاہد جبل پوری نے ایک کتاب موسوم بہ ''ستارۂ محمدی'' شائع کروائی۔ اس ستارے کے واقعے پر متعدد حضرات نے قطعاتِ تاریخ اور سادہ نظمیں اور قطعات لکھے۔ غنی نے بھی اس واقعہ کا قطعۂ تاریخ لکھا۔ جس کا آخری شعر یہ ہے:

یہ صدا ہاتف نے دی، لکھی جو ہو تاریخِ نور
اے غنی! لکھ دو۔ ''یہ ہے نامِ محمدؐ کا ظہور''
۱۳۴۵ھ

(۲) ۱۳۴۵ھ میں زاہد جبل پوری نے ان سب نظموں اور قطعات وغیرہ کو یکجا کر کے ایک مختصر مجموعہ





مرتب کر لیا۔ اس تالیف کی تاریخ بھی غنی نے کہی:

کیوں نہ اہلِ دل کو ہو دل سے عزیز
نعتیہ نظموں کا ہے یہ انتخاب
سالِ تالیف اس کا لکھ دو اے غنی!
''مرحبا کیا خوب ہے زاہد کتاب''
۱۳۴۵ھ

(۳) ۱۳۴۶ھ میں کتاب مذکور طبع ہوئی۔ تو اس موقع پر بھی آپ نے یہ قطعۂ تاریخ لکھا:

کیوں نہ دل مومنوں کا ہو مسرور
سعیِ زاہد ہوئی غنی! مشکور
وہ چھپا انتخاب نظموں کا
جو سراپا ہے نور سے معمور
فکرِ تاریخ کی تو آئی ندا
لکھ دو ''گلدستۂ صفاتِ نور''
۱۳۴۶ھ

(ستارۂ محمدی)

(۴) ۱۳۴۹ھ/ ۱۹۳۰ء میں مولوی محمد محفوظ الکریم صدیقی جبل پوری (کلیم جبل پوری) نے ایک کتاب فن تاریخ گوئی پر مرتب کی جس کا نام ''گنجینۂ تاریخ'' رکھا۔ غنی نے اس کی ترتیب کی تاریخ کہی۔ آخری دو شعر ہیں:

حضرت احسن ذی رتبہ نے تقریظ لکھی
مستند اس کی ''زباں'' مرتبہ ہے اس کا عظیم
ہجری و عیسوی تاریخیں غنی! ہیں یہ بہم
''کار آمد رہے ''گنجینۂ تاریخ'' کلیم''
۱۳۴۹ھ
۱۹۳۰ء

(۵) ۱۳۵۸ھ میں آپ کے پیر و مرشدؒ کی وفات ہوئی۔ تو یہ قطعہ لکھا:

موجِ گم در قلزمِ ذاتِ احد
ہست ہم آغوش با عمرِ ابد
گو غنی! سالِ وصالِ مرشدی
''ارتحالِ عارفِ رب الصمد''

۱۳۵۸ھ

(۶) ۱۳۵۹ھ/ ۱۹۴۰ء میں جناب انعام الرحیم ترقی یاب ہو کر عہدۂ کمشنری پر فائز ہوئے۔ غنی نے تاریخی عنوانات کے ساتھ قطعۂ تاریخ لکھا۔ عنوانات اور قطعہ کے آخری اشعار حسبِ ذیل ہیں:

نظمِ قدردانی
۱۳۵۹ھ

مبارک باد تائیداتِ ربانی
۱۳۵۹ھ

از فقیر عبدالغنی (ایم۔اے) زیبائی، جبل پوری
۱۹۴۰ء

جناب والاشکوہ انعام الرحیم صاحب بہادر، آئی۔سی۔ایس۔ بدرجۂ اعلیٰ رسید۔
۱۹۴۰ء

''نہالِ فکر'' سے تاریخ پائے مصرعِ ثانی
۳۸۶

مبارک دور دورہ ہے بہارِ روح پرور کا
۱۵۵۴+۳۸۶=۱۹۴۰ء

یہ ہے انعام صاحب! لطف و احسانِ گراں قیمت
۱۳۵۹ھ

عروجِ نفعِ عقبیٰ ہی رہے حصہ مقرر کا
۱۳۵۹ھ

سلامت اوجِ انعام الرحیمِ مسند آرا ہو
۱۳۵۹ھ

مبارک حبذا، اعلیٰ ہوا درجہ کمشنر کا
۱۹۴۰ء





(۷) ۱۳۶۵ھ/ ۱۹۴۶ء میں آپ کی والدہ ماجدہ کی وفات ہوئی۔ تو قطعۂ تاریخ لکھا۔ آخری شعر ہے۔

غنی کی یہ تاریخ الہام ہے
''ملا نیکو کاری سے قربِ خدا''

۱۳۶۵ھ

(۸) ۱۳۸۱ھ/ ۱۹۶۱ء میں جناب کلیم صدیقی جبل پوری (شاگرد حضرتِ احسن مارہروی و مولف ''گنجینۂ تاریخ'') کی وفات ہوئی۔ تو غنی نے قطعۂ تاریخ لکھ کر حقِ تعزیت ادا کیا۔ قطعۂ کے چار شعر یہ ہیں:

ہو گئے دنیا سے رخصت آہ محفوظ الکریم
ہائے بے کعبہ ہوا شعر و سخن کا اب حریم
خشک بے خشک چشمۂ شیریں کلامی ہو گیا
طورِ سینائے سخن ہے خاک بر سر بے کلیم
یاد کر کے آپ کو رویا کریں اب حشر تک
فکرِ معنی ذہن رسا، طبع سلیم
''انتقالِ نیک آئیں، شاعرِ جادو بیاں''

۱۳۸۱ھ

''جنتی دانائے کامل، آہِ محفوظ الکریم''

۱۹۶۱ء

(ماخوذ از خودنوشتہ حالاتِ غنی)

خداوند واحد جل شانہ، کا ہزار ہزار شکر ہے۔ کہ یہ مجموعہ آج بتاریخ ۱۰ ستمبر ۱۹۶۴ء مطابق ۳؍جمادی الاول ۱۳۸۴ھ یوم پنجشنبہ کو بوقت پونے دس بجے شب مکمل ہو کر ختم ہوا۔

احقر
مہر تقوی جے پوری
کراچی

اس طویل مجموعہ کی تسوید کے بعد خیال ہوا کہ اس کی تکمیل کی تاریخیں بھی ساتھ ہی ہو جائیں۔اس خیال کے بعد فکر کی،تو حسب ذیل سرخیاں اور قطعاتِ تاریخ بھی ہو گئے۔

تکمیلِ مجموعِ عدیم المثل

۱۳۸۴ھ

گلبار تاریخِ تکمیل

۱۹۶۴ء

چار سال دہشت ماہمہ رات دن کی کوششیں
آج پوری ہو گئیں اے مہر! ہے شکر خدا
مجھ سے اس تکمیل کی تاریخ ہاتف نے کہی
’’دلربا مجموعہ اب یہ تذکرہ پورا ہوا‘‘

۱۹۶۴ء

(دیگر)

مکمل ہوا آج یہ تذکرہ بھی
بہ تائید و افضال و اکرام داور
پئے سالِ تکمیل اے مہر! کہیے
’’ہے تاریخ کا گلشنِ کیف آور‘‘

۱۹۶۴ء

(مہرتقوی جے پوری،۱۰رستمبر۱۹۶۴ء)

# آخذات

تذکرہ نگار نے آخذات کی فہرست قدیم انداز میں مرتب کی تھی، اسے من وعن پیش کیا جا رہا ہے لیکن ''اردو میں حواشی/ آخذ کا اندراج اب جدید انداز میں کیا جا رہا ہے۔ مقالہ نگاران سے التماس ہے کہ ازراہِ کرم اس جدید انداز کی پابندی کریں جس کا نمونہ زیرِ نظر شمارے کے صفحات ۲۹۸۔۲۹۷ پر موجود ہے۔ (مدیر)

## (ا) کتابیات: (الف)

| نمبر شمار | نام کتاب | مولف۔سال طباعت | اُن شعرا کے تخلص جن کا حال یا کلام اس کتاب میں سے لیا گیا ہے۔ |
|---|---|---|---|
| ۱ | آئینہ دار | محمد ابرار علی صدیقی بدایونی، کراچی ۱۹۵۶ء | یوسف گلشن آبادی، (جادرہ) نوشہ مذاقی بدایونی، نوشہ بدایونی، عالی بدایونی |
| ۲ | آفتابِ داغ | داغ دہلوی (دیوان) ۱۳۰۲ھ | نساخ خالدی، فیروز لکھنوی، ناطق بلگرامی |
| ۳ | آخرتِ باقی ۱۳۱۴ھ | شاد حیدرآبادی، قطعات بر وفات بنسی راجہ بہادر باقی | شاد حیدرآبادی، محشر لکھنوی، ناطق بلگرامی |
| ۴ | ادبی جائزے | ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خاں (حیدرآباد سندھ) | مصطفیٰ (ڈاکٹر) سرور لکھنوی، سخن آروی عزیز لکھنوی نمبر ۱ |
| ۵ | ادبی دنیا، لاہور | خاص نمبر ۱۹۶۱ء (ماہنامہ) | مومن دہلوی، متین پٹیالوی، ذوق دہلوی |
| ۶ | ادیب علی گڑھ | (ماہنامہ) ستمبر ۱۹۶۳ء | شبلی نعمانی |
| ۷ | ادیب علی گڑھ | (ماہنامہ) دسمبر ۱۹۶۳ء | بیدار دہلوی |





| | | | |
|---|---|---|---|
| ۸ | اورنگِ حضوری ۱۳۰۱ھ | خواجہ محمد خلیل الدین ۱۳۰۱ھ | عزیز لکھنوی نمبر ۲ |
| ۹ | اوراقِ گل | ضمیر احمد ہاشمی رام پور ۱۹۴۲ء | آرزو لکھنوی، اثر لکھنوی، بیخود دہلوی، جلیل مانکپوری، وحشت کلکتوی، حفیظ جالندھری، کیفی دہلوی، نوح ناروی، سایل دہلوی، سیماب اکبرآبادی، صفی لکھنوی |
| ۱۰ | احسن المسایل (ترجمۂ کنز الدقایق) | احسن نانوتوی | احسن نانوتوی |
| ۱۱ | احسن التواریخ | اظہر | اظہر، بشیر (خاتون) |
| ۱۲ | ایضاحِ سخن | تمنا عمادی (ڈھاکہ) ۱۹۶۱ء | بدر دانا پوری، واثق خیرآبادی، وجد تمنائی، حمید کلکتوی، سریر کابری گیاوی، شرق کلکتوی، تمنا عمادی |
| ۱۳ | الہاماتِ سلیمانی | حاذق پھلواروی | حاذق پھلواری |
| ۱۴ | الماسِ درخشاں | دیوان مرزا حاتم علی بیگ، مہر اکبرآبادی | مہر اکبرآبادی |
| ۱۵ | المجیب پھلواروی (ماہنامہ) | مئی ۱۹۶۲ء | سرشار پھلواروی |
| ۱۶ | ایضاً | جون ۱۹۶۲ء | آشنا پھلواروی، احقر پھلواروی، بدر پھلواروی، یوسف پھلواروی، کشش پھلواروی، محی پھلواروی، فایز پھلواروی، فرد پھلواروی، رفیع پھلواروی، شایق پھلواری، ظہور پھلواروی |
| ۱۷ | ایضاً | جولائی ۱۹۶۲ء | وجد تمنائی، محی پھلواروی، نیر پھلواری، تمنا عمادی |
| ۱۸ | ایضاً | اپریل ۱۹۶۳ء | یوسف گیاوی، سریر کابری |

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۹ | ایضاً | نومبر ۱۹۶۳ء | یاس آروی |
| ۲۰ | المجیب پھلواروی | (ماہنامہ) مارچ ۱۹۶۴ء | انشا، مصحفی امروہوی |
| ۲۱ | المشاہیر | فیض احمد ابن حکیم ابن دلدار احمد مارہروی ۱۳۱۵ھ (۱۸۹۸ء) | جمالی دہلوی، کمال سنبھلی خردبسوی |
| ۲۲ | العلم، کراچی (سہ ماہی) | سید الطاف علی بریلوی اکتوبر، دسمبر ۱۹۶۲ء | میر تقی میر |
| ۲۳ | الفقیہ امرتسر | (روزنامہ) ۲۰ فروری ۱۹۲۴ء | عثمان حیدرآبادی، (اولیٰ حیدرآباد دکن) |
| ۲۴ | التلخیص الاتم من شعر العجم | مولوی بشیر الدین احمد مجددی | مونس بھوپالی |
| ۲۵ | اُمّ التواریخ ۱۲۸۹ھ | حسین فرحت دہلوی | جودت دہلوی، فرحت دہلوی، صدق میرٹھی، شہرت دہلوی، ذوق دہلوی |
| ۲۶ | امپیریل کارونیشن | | افضل خواجہ |
| ۲۷ | امروز، کراچی | روزنامہ ۲۵ اگست ۱۹۵۸ء | حیدر معمائی، مِنّت سونی پتی، فیضی اکبر آبادی، غالب دہلوی |
| ۲۸ | ایضاً | روزنامہ ۸ ستمبر ۱۹۵۸ء | قادری بچھرایونی |
| ۲۹ | انجام دہلوی | روزنامہ ۱۱ ستمبر ۱۹۴۰ء | احسن مارہروی |
| ۳۰ | انجام، کراچی | روزنامہ ۱۲ اکتوبر ۱۹۶۲ء | نوح ناروی |
| ۳۱ | ایضاً | روزنامہ ۸ نومبر ۱۹۶۲ء | ظفر دہلوی |
| ۳۲ | ایضاً | روزنامہ ۱۵ اپریل ۱۹۶۳ء | مہر تقوی جے پوری |
| ۳۳ | اندوختۂ گریاں | اکبر امروہوی (قلمی) | فایق کرتپور |
| ۳۴ | انوارِ الصوفیہ، قصور | (ماہنامہ) جنوری ۱۹۶۱ء | قادری بچھرایونی |





| | | | |
|---|---|---|---|
| ۳۵ | انتخاب نثر اردو | انٹرمیڈیٹ کورس، کراچی | وجہی مُلّا |
| ۳۶ | اسلامی محمدی بڑی تقویم، بمبئی | ۱۳۷۰ھ | مفتوں جلالپوری، قیصر بمبئی، رفیعہ بمبئی، (خاتون) |
| ۳۷ | ایضاً | ۱۳۷۵ھ | نعیمہ سورتی (خاتون) |
| ۳۸ | ایضاً | ۱۳۸۳ھ | جمال نگینوی (خاتون) عذرا نگینوی (خاتون) |
| ۳۹ | اسرارِ بدر چشتی ۱۳۸۱ھ | سید عبدالوحید رضوی امروہوی | وحید امروہوی |
| ۴۰ | اعجاز التواریخ ۱۳۳۰ھ | شاہ محمد عزیز اللہ عزیز صفی پوری ۱۹۲۳ء | عزیز صفی پوری |
| ۴۱ | افاداتِ مہدی | مہدی حسن ۱۹۲۳ء | حاجی شمس آبادی |
| ۴۲ | افادۂ تاریخ | جلال لکھنوی (حکیم میر ضامن علی) ۱۳۰۲ھ | جلال لکھنوی |
| ۴۳ | اقبال، ہز آرٹ اینڈ تھاٹ | سید عبدالواحد | اقبال سیالکوٹی |
| ۴۴ | اردو | ماہنامہ، جولائی ۱۹۵۰ء | صوفی منیری |
| ۴۵ | اردو ادب، علی گڑھ | سہ ماہی ۱۹۵۹ء، آزاد نمبر | آزاد دہلوی |
| ۴۶ | ایضاً | سہ ماہی ۱۹۵۱ء حسرت نمبر | اثر رامپوری |
| ۴۷ | اردو اخبار، دہلی | ۲۴ مئی ۱۸۵۷ء | آزاد دہلوی، غالب دہلوی |
| ۴۸ | اردوئے معلّٰی حصہ اول | مجموعۂ خطوطِ غالب | سالک دہلوی |
| ۴۹ | اردو نامہ، کراچی | سہ ماہی اپریل تا جون ۱۹۶۲، شمارہ نمبر (اردو ترقی بورڈ، کراچی) | جرأت دہلوی، کمال کڑا مانک پوری |

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۵۰ | ایضاً | ایضاً، شمارہ نمبر ۱۰، اگست ۱۹۶۲ء | منیر شکوہ آبادی |
| ۵۱ | اشرف الکلام | سید محمد ذکی اشرف، درگاہ کچھوچھہ شریف ضلع فیض آباد، ۱۹۵۰ء | صدق جائسی |
| ۵۲ | اخبار الاخیار | مولوی عبدالحق محدث دہلوی ۱۳۳۲ھ | حقی دہلوی، میرک جرجانی، عزیز دہلوی نمبرا |
| ۵۳ | اخبار اہلِ حدیث، لاہور | ۲۹ ربیع الاول ۱۳۲۹ھ | طغرائی امرتسری |
| ۵۴ | اذکارِ ابرار (ترجمۂ گلزارِ ابرار) | مولوی فضل احمد ۱۳۲۶ھ | محمود حیدری، رخشاں انصاری |
| ۵۵ | اذکارِ قلندری | | |

## (ب)

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۵۶ | باقیاتِ اقبال | اقبال سیالکوٹی | عرشی امرتسری |
| ۵۷ | بزمِ اکبر | قمر بدایونی | |
| ۵۸ | بزمِ تیموریہ | سید صباح الدین عبدالرحمٰن، ایم۔اے (مطبع معارف اعظم گڑھ، ۱۳۶۷ھ ۱۹۴۸ء) | بابر، بیدل، جاناں بیگم، (خاتون) جعفر حمید لاہوری، حسینی مروی، یحیٰی کاشی، کاہی تتوی، کلیم ہمدانی، ماہر اکبرآبادی، منعم اکبرآبادی، مسیح کاشی، مخفی، سنجر اصفہانی، سعید گیلانی، سرخوش دہلوی، عالی، عرفی شیرازی، فیضی، قدسی الہٰ آبادی، رحیم (خان خاناں)، شہر یار دہلوی |





| | | | |
|---|---|---|---|
| ۵۹ | بحر الفصاحت | مولوی نجم الغنی نجم، رامپوری، طبع اول ۱۳۰۳ھ طبع دوم ۱۳۴۵ھ | رشید نظام نمبر ۲، مجددی رامپوری |
| ۶۰ | بیان التواریخ ۱۳۱۱ھ | شاہ محمد عزیز اللہ عزیز صفی پوری ۱۳۳۲ھ | عزیز صفی پوری |
| ۶۱ | بلاغ، امرتسر | (ماہنامہ) جون جولائی ۱۹۳۱ء | آسی امرتسری، عرشی امرتسری |
| ۶۲ | بَنی | واجد علی شاہ اختر، نواب اودھ، مطبوعہ مطبع سلطانی ٹمیا برج، کلکتہ ۱۲۹۲ھ | برتر، درخشاں، مایل ضیا |

## (پ)

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۶۳ | پیامِ مشرق، لاہور | (ماہنامہ) مئی ۱۹۶۲ء | فدا لاہوری، شرافت نوشاہی |
| ۶۴ | پرچم، کراچی | (ماہنامہ) تعزیت نمبر | آذر ناگپوری، اصطفا لکھنوی، بسمل سنسہاروی وحشت کلکتوی، قادری بچھرایونی |

## (ج)

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۶۵ | جامع التاریخ ۱۳۵۶ھ | اظہر الہٰ آبادی، تاج پریس، حیدرآباد، دکن ۱۳۵۶ھ | اظہر الہٰ آبادی |
| ۶۶ | جامع التاریخ ۱۳۵۶ھ | مولوی مرزا بہادر علی صفی حیدرآبادی، مطبع حیدری، حیدرآباد دکن ۱۳۵۶ھ | صفی حیدرآبادی |

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۶۷ | جانِ سخن | دیوان جلیل مانکپوری، ۱۳۳۴ھ/ ۱۹۱۶ء | امیر حیدرآبادی، اثر حیدرآبادی، اختر مینائی، برق مدراسی، جگر صدیقی، واقف ابوالعلائی، وارث دہلوی، دن لکھنوی، تمعہ حیدرآبادی، سعود مانک پوری، عادل اورنگ آبادی، صنعر، عتیق مانکپوری، صبیح خیرآبادی، صفدر مرزا پوری، ریاض خیرآبادی |
| ۶۸ | جدید التواریخ ۱۲۶۹ھ | مولوی وجیہ الدین خاں معنی حیدرآبادی ۱۲۶۹ھ | معنی حیدرآبادی |
| ۶۹ | جدید شعرائے ایران | ڈاکٹر شہریار امروہوی (تہران) قلمی، مرتبہ ۱۹۶۲ء | سعید نفیسی تہرانی |
| ۷۰ | جواہرِ سخن (جلد سوم) | مولوی محمد مبین چریاکوٹی طبع اول، ہندوستانی اکیڈمی، الہٰ آباد | نوق سندیلوی، رند فیض آبادی، ذکی مراد آبادی |
| ۷۱ | جلال لکھنوی | ڈاکٹر محمد حسین | جلال لکھنوی، حشم لکھنوی |
| ۷۲ | جمیع التواریخ ۱۳۷۱ھ | محمد تحسین بیدل بجنوری | بیدل بجنوری، نیر |
| ۷۳ | جنگ، کراچی | روزنامہ، ۱۵ستمبر ۱۹۶۰ء | منظر صدیقی اکبرآبادی |
| ۷۴ | جذباتِ نادر | نادر علی نادر کاکوروی ۱۹۶۱ء | نادر کاکوروی |
| ۷۵ | جغرافیۂ جون پور | شیخ ذوالفقار علی، ڈپٹی انسپکٹر مدارس، ساکن مائیکلاں، ضلع جونپور، طبع اگست ۱۸۶۸ء، ربیع الثانی ۱۲۸۵ھ (مملوکۂ غم بچھرایونی) | حسن دہلوی، مُنعم |





## (چ)

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۷۶ | چراغ بزم مجددی ۱۳۱۴ھ | شاہ کریم اللہ عاشق حیدرآبادی | عاشق حیدرآبادی |
| ۷۷ | چراغ راہ، کراچی | (ماہنامہ) اگست ۱۹۶۲ء آزادی نمبر | منیر شکوہ آبادی |

## (د)

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۷۸ | دائرۃ المعارف جلد ۶ | | غنی البابلسی |
| ۷۹ | دانشکدۂ ادبیات ایران شمارۂ اول، سال ششم | (ماہنامہ) مہر ۱۳۳۷، خورشیدی | کلامی اصفہانی، مظہر اکبر آبادی، نساخ خالدی، سعیدی نفیسی تہرانی |
| ۸۰ | داغ | تمکین کاظمی ۱۹۶۰ء | داغ دہلوی |
| ۸۱ | داغ اور بہار | پروفیسر ذکی اختر ہاشمی | یحییٰ عظیم آبادی |
| ۸۲ | دیوان آرزو | آرزو لکھنوی | آرزو لکھنوی، نصرت لکھنوی، فروغ لکھنوی |
| ۸۳ | دیوانِ باقر (سرمایۂ عشق) | باقر عظیم آبادی ۱۳۴۳ھ | فطرتی عظیم آبادی |
| ۸۴ | دیوانچی | دیوان ظریف لکھنوی | صفی لکھنوی، ظریف لکھنوی |
| ۸۵ | دیوانِ ولی | شاہ ولی الرحمٰن | مونس جے پوری |
| ۸۶ | دیوانِ حافظ | حافظ شیرازی | حافظ شیرازی |
| ۸۷ | دیوانِ کامگار (پشتو) | کامگار خاں | کامگار خٹک |
| ۸۸ | دیوان گویا (نعتیہ) | فقیر محمد خاں گویا نولکشور پریس کانپور، ۱۸۸۸ء | ناسخ دہلوی |
| ۸۹ | دیوانِ ناسخ | ناسخ لکھنوی | حامد شاہ آبادی، ناسخ لکھنوی |

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۹۰ | دیوانِ سانگی | میر عبدالحسین سانگی والی تالپور سندھ ۱۳۱۰ھ / ۱۸۹۲ء | سانگی تالپوری، حیدری تالپوری |
| ۹۱ | دیوان سحر محمود آبادی (کلیاتِ سحر) | سحر محمود آبادی، ۱۳۲۰ھ/ ۱۹۰۲ء | ہادی لکھنوی، یاور لکھنوی، یاس لکھنوی، یاس سیتاپوری، یکتا سیتاپوری، یمین سیتاپوری، نادر کاکوروی |
| ۹۲ | دیوانِ انجم | نجم فتح پوری جے پوری | نجم فتح پوری جے پوری |
| ۹۳ | دیوانِ سخن | سخن دہلوی ۱۳۰۲ھ (خواجہ سید فخرالدین) | سخن دہلوی، یحییٰ عظیم آبادی |
| ۹۴ | دیوانِ عابد (کلیات عابد) | نواب عابد علی خاں، صولت جنگ حیدرآبادی | اختر مینائی، قاصد نائطی حیدرآبادی |
| ۹۵ | دیوانِ عیش (قلمی) | حکیم آغا جان عیش | عیش دہلوی |
| ۹۶ | دیوانِ فیضی فیاضی | فیضی فیاضی | فیضی فیاضی اکبرآبادی |
| ۹۷ | دیوانِ قمر | دیوان قمر بدایونی ۱۳۴۷ھ/ ۱۹۲۷ء | ساحر دہلوی، ساغر اکبرآبادی، سیماب اکبرآبادی، قمر بدایونی، رونق دہلوی |
| ۹۹ | دیوان راقم (نغمۂ اردو) | خواجہ قمرالدین خاں راقم جے پوری، ۱۳۱۹ھ / ۱۹۰۲ء | اخگر جے پوری، ذکی جے پوری، فدا جے پوری نمبر۲ |
| ۹۷ | دیوانِ رونق | نوابزادہ احمد علی خاں، رونق جے پوری، ۱۳۰۷ھ/ ۱۸۹۰ء | آگاہ دہلوی جے پوری، مایل دہلوی جے پوری، میر مہدی مجروح، معجز جے پوری، فدا جے پوری نمبر۲، راقم جے پوری، شگفتہ جے پوری، ظہیر دہلوی (جے پوری) |
| ۱۰۰ | دیوانِ روشن | مولوی محمد اسمٰعیل روشن سرہندی | مصطفیٰ (ڈاکٹر) روشن سرہندی |





| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۰۱ | دیوانِ شوق | محمد ظہیر احسن شوق نیموی | آسی مدراسی، نور نیموری، عزیز اشرف پوری، شوق نیموی، شمشاد لکھنوی، تجمل جلال پوری، تسلیم لکھنوی |
| ۱۰۲ | دیوانِ شکور | صوفی عبدالشکور اکبر آبادی | مختار ضیائی، عرشی اجمیری |
| ۱۰۳ | دیوانِ شیدا (پشتو) | محمد کاظم خاں شیدا، خٹک | شیدا خٹک |
| ۱۰۴ | دیوانِ تواریخ ۱۲۸۸ھ | آلِ محمد مارہروی ۱۲۸۸ھ | آلِ محمد مارہروی، جلیل مارہروی، صفیر بلگرامی |
| ۱۰۵ | دیوانِ خلیل (حصہ اول) | شاہ محمد خلیل الرحمٰن سرساوی | مبین جے پوری، قمر جمالی جے پوری |
| ۱۰۶ | دیوانِ ذوق | طابع شیخ برکت علی اینڈ سنز، لاہور | ذوق دہلوی |
| ۱۰۷ | دعوت (پندرہ روزہ) | لاہور | اختر واصفی |
| ۱۰۸ | دریائے لطافت | انشاللہ خاں انشا | انشا |
| ۱۰۹ | دُرِ تاجِ سخن | سید محمد علی مضطر دہلوی ۱۳۲۸ھ (۱۹۱۶ء) | اوج احمد نگری، اشہر حیدرآبادی، نادر حیدرآبادی، نامی حیدرآبادی، سعید کیامی، فرحت حیدرآبادی، صبر دہلوی، شفق دہلوی، ثاقب بدایونی، ضیا تیموری، ظہیر دہلوی |

## (ہ)

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۱۰ | ہماری زبان | (ماہنامہ) اگست ۱۹۶۲ء (مضمون از نصیرالدین ہاشمی) | شوق حیدرآبادی |

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۱۱ | ہندؤں میں اردو | سید رفیق مارہروی (بھارت) | جوہر فرخ آبادی |

## (و)

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۱۲ | واسوخت یاور (نسخۂ دردجگر) | سید محمد محمود علی یاور امروہوی ۱۳۰۸ھ | صفی امروہوی |
| ۱۱۳ | واسوخت عزیز | عزیز جنگ بہادر عزیز حیدرآبادی | |
| ۱۱۴ | وقایع نعمت خاں عالی | نعمت خاں عالی | عالی (نعمت خاں) |

## (ز)

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۱۵ | زمانہ، کانپور | (ماہنامہ) فروری ۱۹۳۸ء (منشی پریم چند نمبر) | سحر ورماہنگامی (قادری بچھرایونی) |
| ۱۱۶ | زمیندار، لاہور | روزنامہ، ۲۲ مئی ۱۹۲۰ء | عرشی امرتسری |

## (ح)

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۱۷ | حدیقۃ السلاطین | ملاّ نظام الدین شیرازی | ملاّ وجہی |
| ۱۱۸ | حیاتِ اکبر | عشرت حسین | اکبر الہٰ آبادی |
| ۱۱۹ | حیاتِ اعلیٰ حضرت ۱۹۳۸ء | حالات مولوی احمد رضا خاں مرتبہ: ظفرالدین قادری، ۱۳۶۹ھ ۱۹۳۸ء | رضا بریلوی |





| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۲۰ | حیاتِ جاوید | مولانا الطاف حسین حالی، شائع کردۂ اکیڈمی پنجاب ٹرسٹ، فروری ۱۹۵۷ء | صفدر |
| ۱۲۱ | حیات وکلیات اسمٰعیل | خان بہادر محمد اسلم سیفی، چیرمین میونسپل میرٹھ، طبع ۱۹۳۹ء | اسمٰعیل میرٹھی |
| ۱۲۲ | حیاتِ حافظ رحمت خاں | سید الطاف علی بریلوی طبع اوّل، ۱۹۳۵ء | محبت بریلوی |
| ۱۲۳ | حیاتِ نو، کراچی | (ماہنامہ) جون ۱۹۶۰ء (گورنمنٹ بوائز سیکنڈری اسکول نمبر۲، پی۔ای۔سی۔ایچ۔سوسائٹی، کراچی) | ظفر ہاشمی |
| ۱۲۴ | حیاتِ شبلیؒ | سید سلیمان ندوی | نظر مالوی سلیمان ندوی، عزیز لکھنوی نمبر۲ |
| ۱۲۵ | حسنِ خیال | منشی صفدر علی مرزاپوری | حافظ شیرازی، عالی (نعمت خاں) دیوانہ |
| ۱۲۶ | حفظ البسیر ۱۲۸۹ (سیرت نبوی) | مولوی کرامت علی اعجاز جے پوری، ۱۳۳۹ھ-۱۹۲۰ء | عابد اسدی جے پوری |

## (ی)

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۲۷ | یادگار برق | شیش چندر سکسنہ بی۔اے، دہلوی (مہاراج بہادر برق دہلوی کی یادگار میں لکھے ہوئے مضامین کا مجموعہ مطبوعہ دیال پرنٹنگ پریس دہلی، ۱۹۴۵ء | اختر واصفی |

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۲۸ | یادگارِ داغ | احسن مارہروی | داغ دہلوی |
| ۱۲۹ | یادگارِ نسیم | مولوی اصغر حسین اصغر مطبوعہ انڈین پریس لمیٹڈ الہٰ آباد، ۱۹۳۰ء | نسیم لکھنوی |

## (ک)

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۳۰ | کلامِ انشا | مرزا محمد عسکری | انشا |
| ۱۳۱ | کلیاتِ اکبر | | اکبر الہٰ آبادی |
| ۱۳۲ | کلیاتِ انوری | اوحدالدین انوری | انوری |
| ۱۳۳ | کلیاتِ جامی | نورالدین عبدالرحمٰن جامی | جامی دمشقی |
| ۱۳۴ | کلیاتِ حسرت موہانی | مولوی فضل الحسن حسرت | حسرت موہانی |
